F. 6-4 (Edit) /2016 NCPUL Press release

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 10/08/2016

اردو میں بھی OCR کی ضرورت: پروفیسر ارتضیٰ کریم

قومی اردو کونسل میں 'لسانیات اور سماجی لسانیات' پینل میٹنگ کا انعقاد

نئی دہلی: آج کے بدلتے حالات میں نئی ٹیکنالوجی کی اہمیت وافادیت سے انکار ممکن نہیں ہے اور نہ ہی اس کے بغیر ترقی کا سفر طے کیا جاسکتا ہے۔ اس لیے اردو میں ایک او سی آر (Optical Character Recognition) کی اہم ضرورت ہے۔ اس وقت ملک کی دوسری زبانوں مثلاً بنگلہ، ہندی اور تمل میں یہ سہولیات فراہم ہیں۔ اس ٹیکنالوجی کی مدد سے مسودے یا کتابوں کی اشاعت کے لیے اس کے صحیح کیریکٹر کا پتہ چل جاتا ہے۔ اس کے ذریعے ٹائپ کیے ہوئے الفاظ کو تصویروں میں بھی شناخت کرنا ممکن ہوجائے گا۔ یہ باتیں قومی کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے لسانیات اور سماجی لسانیات پینل کی منعقدہ میٹنگ میں کہیں۔ انھوں نے اردو اور لسانیات کے گہرے رشتے پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ آج کے دور میں لسانیات اور خاص طور پر سماجی لسانیات کے دائرے کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ اس پینل کی صدارت ماہرِ لسانیات پروفیسر عبدالستار دلوی نے کی۔ انھوں نے اپنے صدارتی خطاب میں کونسل کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ کونسل لسانیات کے ساتھ ساتھ اصطلاحات کی 20 سے زائد کتابیں شائع کرچکی ہے جو قابل ستائش ہے۔ اس اجلاس میں کتابوں کی اشاعت کے لیے کئی اہم فیصلے لیے گئے اور اسے مقررہ اہداف میں شائع کرنے پر زور دیا گیا۔ کونسل سے شائع شدہ جامع اردو انسائیکلوپیڈیا کو کونسل کے ویب سائٹ پر اَپ لوڈ کردینے کی تجویز بھی پیش کی گئی جس پر تمام ممبران نے اتفاق رائے کا اظہار کیا۔

لسانیات پینل کے ممبران نے فرہنگ نویسی کے اصول وضوابط طے کرنے پر زور دیا تاکہ آئندہ لغات کی ترتیب وتشکیل ان رہنما خطوط کی روشنی میں کی جاسکے۔ اس کے لیے سہ رکنی کمیٹی کی تشکیل دی گئی جو اکتوبر کے آخر تک رپورٹ پیش کرے گی۔

اس موقعے پر ممبران نے پنڈت دتاتریہ کیفی کی کتاب 'کیفیہ'، مولوی عبدالحق کی 'فارسی کے اثرات مراٹھی پر' اور 'اصطلاحات پیشہ وران' جیسی نادر و نایاب کتابیں جو اب دستیاب نہیں ہیں ان کی دوبارہ اشاعت پر زور دیا۔

اس میٹنگ میں پروفیسر عبدالستار دلوی، پروفیسر اُودے نرائن سنگھ، پروفیسر علی رفاد فتیحی، پروفیسر اومکار این کول، پروفیسر غضنفر علی، پروفیسر ایس امتیاز حسنین، پروفیسر پنچانند موہنتی، ڈاکٹر آر کے بھٹ اور جناب ملک العزیز کے علاوہ کونسل کے پرنسپل پبلی کیشن آفیسر ڈاکٹر شمس اقبال، اکیڈمک اسسٹنٹ ڈائرکٹر شمع کوثر یزدانی، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر جناب فیروز عالم، مسرت جہاں کے علاوہ کونسل کے دیگر افراد نے شرکت کی۔

(رابطہ عامہ سیل)